06/01/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر میں سید تجمل اندرابی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*....... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کھیل کود کے ذریعے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کا دہرایا عزم۔

*....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سیاحتی سرگرمیوں کو دوام بخشنے کی غرض سے گلمرگ، سونمرگ اور دودھ پتھری میں14روزہ سکینگ کورس کا کیا آغاز۔

*....... نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری کا زرعی شعبے کی سکیموں کو موثر طریقے پر عملانے پر زور ۔

اور

*........CBSE نے10ویں اور12جماعت کا امتحان دینے والے طلباءکےلئے کونسلنگ خدمات کا پہلا مرحلہکیا شروع۔

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کھیل کود کے ذریعے سے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے عزم کو Ghoghla Beach،Diu انڈیا مینکھیلو Beach گیمز کے دوسرے شمارے کی افتتاحی دہرایا ہے۔ تقریب میں شرکت کے دوران خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ کشمیر سے کنیا کماری تک بھارت کے نوجوان کھیل کود سمیت تمام دیگر شعبوں میں کامیابی کی ایک نئی داستان رقم کر رہے ہیں۔

انہوننے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت میں ملک میں کھیل کود کے شعبے میں انقلاب آگیا ہے۔ منوج سنہا نے کہا کہ انہیں اس بات پر فخر ہے کہ جمونو کشمیر کے کھلاڑی بھی قومی سطح کے ان کھیل مقابلوں میں شرکت کر رہے ہیں۔

دنوں تک جا ری رہنے والے ان کھیل مقابلوں میں31ریاستوں اور یوٹیز کے13سو سے زائد 5 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ

Skiingوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلمرگ، سونمرگ اور دودھ پتھری جیسے سیاحتی مقامات کو ٹریننگ کورس کا ورچول Skiing کے نقشے پر لانے کےلئے آج جموں سے14روزہ مر بوط طریقے پر آغاز کیا۔ اس تربیتی پروگرا م کے دوران12سے18برس تک کی عمر کے5سوسے زائد طلباءکو سکینگ کی تربیت دی جائے گی نیز ان مقامات پر سیاحتی سرگرمیوں کو دوام بھی حاصل ہو گا۔

دریں اثناءوزیر اعلیٰ نے محکمہ

---

ٔ سیاحت اور جے اینڈ کے کیبل کار کارپوریشن کے کلینڈرس بھی جا ری کئے۔اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اسطرح کے اقدامات سے جمونو کشمیر کے سیاحتی وسائل کی بڑے پیمانے پر تشہیر کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوننے ڈائریکٹوریٹ آف ٹورازم کشمیر کی آفیشل ویب سائٹ کی بھی شروعات کی۔

سنگ بنیادCM

اس دوران وزیر اعلیٰ نے آج باغِ بہو جموں میں ڈاک بنگلے کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس ڈاک بنگلے میں سیاحتی اعتبار سے تمام جدید سہولیات دستیاب رہیں گی۔ سنگ بنیاد رکھنے کے موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے۔

قمر سجاد

وادی میں سرمائی سیاحت کو فروغ دینے کےلئے سرکاری سطح پر مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں، اور ان دنوں بڑی تعداد میں سیاح گلمرگ کی سیر کر تے نظر آ رہے ہیں۔ ڈائریکٹر ٹور ازم کشمیر سید قمر سجاد نے کہا ہے کہ گلمرگ آنے والے سیاح گنڈولہ کی سیر سے بھی محظوظ ہو رہے ہیں۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہاکہ گنڈولہ کی بدولت کئی نوجوانوں کو روزگار فراہم ہو رہا ہے۔

---(Qamar Sajad)--Byte-----

عمر مبارک

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پہلی مرتبہ وجے مرچنٹ ٹرافی جیتنے کےلئے جموں کشمیر کی انڈر16 کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس تاریخی کامیابی سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ جموں کشمیر میں کرکٹ اپنے عروج کو پہنچ رہا ہے۔

عمر ملاقات

دریں اثناءکئی وفود اور شخصیات جموں میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقی ہوئے جن میں کرگل کے چیف ایگزیکٹیو کونسلر ڈاکٹر جعفر آخون، LAHDCکٹھوعہ ڈاکٹر بھارت بھوشن،MLA اسپتال سرینگر کا ایک وفد Paras سکاسٹ جموں کے وائس چانسلر ڈاکٹر بی این ترپپاٹھی اور شامل ہے۔ اس دوران انہوننے عوامی نوعیت کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمارچودھری نے زرعی سکیموں کی زمینی سطح پر موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ جموں کشمیر میں کسان مستفید ہو سکیں اور فصلوں کی پیداوار اور پیداواریت میں اضافہ ہو سکے۔

جموں میں آج سکاسٹ جموں کے وائس چانسلر ڈاکٹر بی این ترپپاٹھی کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران انہوننے کہا کہ موجودہ حکومت باغبانی ، زراعت ، پشو پالن اور دیگر منسلک شعبوں کی اور دیگر HADP, JKCIPترقی یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔ اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ کو سکیموں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔ انہوننے جموں صوبے کے کسانوں کے معیار حیات میں مثبت بدلاؤ لانے میں سکاسٹ جموں کے رول کو اُجاگر کیا۔

جا وید رانا

سرینگر میں قبائلی طبقے کی کئی شخصیات نے آج ماحولیات و جنگلات کے وزیر جا وید احمد رانا کے ساتھ ملاقات کی اور اس طبقے کو درپیش مسائل پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ وزیر موصوف نے انہیں یقین دلایا کہ موجودہ سرکار جموں کشمیر میں قبائلی آبادی کی جامع ترقی کو یقینی بنانے کو وعدہ بند ہے اور اس ضمن میں کئی فلاحی سکیمیں عملائی جا رہی ہیں۔

ساگر

جمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی کی پبلک انڈر ٹیکنگس کمیٹی کی ایک میٹنگ آج جموں میں اس کے چیرمین علی محمد ساگر کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران صحت اور طبی تعلیم محکمے کی کارکردگی سے متعلق کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل کی رپورٹ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ نے جمونو کشمیر میڈیکل سپلائز کارپوریشن کی مجموعی کارکردگی کے بارے میں جانکاری دی۔

میٹنگ

سڑک ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز کی وزارت کی ڈائریکٹر ہائی ویز ہرلین کور نے جموں کی ایک میٹنگ کے دوران جمونو کشمیر میں عملائے جا رہے قومی ہا ئی ویز NHIDCLمیں پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوننے تمام پروجیکٹوں کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے ان کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں۔

APEDA

جمونوکشمیر سے (APEDA)ایگریکچرل اینڈ پروسیسڈ فوڈ پروڈکٹس ایکسپورٹ ڈیولپمنٹ اتھارٹی زرعی اشیاءاور پروسیسڈ فوڈ کی بر آمدات کو فروغ دینے میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔

اتھارٹی کی طرف سے جا ری ایک پریس بیا ن میں کہا گیا ہے کہ اس نے خطے کے بر آمداتی نظام کو مستحکم کرنے اور یہاں کی زرعی اور باغبانی مصنوعات جن میں زعفران، سیب، سبزیاں، کشمیر اچار، بادام، اخروٹ، دالیں، شہد، لیونڈر، باسمتی، مشقِ بُدھجی، کشمیر ی مرچ شامل ہیں،کو بین الاقوامی سطح تک لیجانے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔

اتھارٹی کی طرف سے جمونو کشمیر کے مختلف اضلاع میں بر آمدات کے معیار اور برینڈنگ کے حوالے سے کیپسٹی ڈیولپمنٹ پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

پرہلاد

امور صارفین ، خوراک اور عوامی تقسیم کا ری کے مرکزی وزیر پر ہلاد جوشی نے آج نئی دلی میں بیورو آف انڈین سٹنڈاڈس کے79ویں یوم تاسیس کے موقعے پر مر بوط سٹنڈائزیشن پورٹل کا آغاز کیا۔

جی رام جی

اب خبر جی رام جی سکیم سے متعلق

-----MUSIC-----

حال ہی میں متعارف کئے گئے قانون ” وکست بھارت ۔ روزگار گارنٹی اور آجیوکا مشن گرامین“ کا عوامی سطح پر وسیع خیر مقدم کیا جا رہا ہے ۔

سرانو راجوری سے تعلق رکھنے والے راکیش رینہ نے اس ضمن میں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

--------Rakesh Raina----

یہ ہیں رام بن سے تعلق رکھنے والے ایک شخص راکیش کمار کے تاثرات۔

-------- Rakesh Kumar--------

دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست بھارت جی رام جی ایکٹ کو وزیر اعظم کی گتی شکتی پہل سے جوڑا گیا ہے، تاکہ اسے مزید موثر بنایا جا سکے۔

------Shivraj Singh------

-----MUSIC----------MUSIC-----

جگل کشور

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور پارلیمنٹ ممبر جگل کشور شرما نے کہا ہے کہ وکست بھارت۔ جی رام جی ایکٹ2025 ملک کی دیہی ترقی اور روزگار کے وسائل پیدا کرنے میں تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔

جموں میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی سربراہی والی سرکار نے فلاحی سکیموں کو معنی خیز بنایا ہے۔ اس موقعے پر پارٹی کے دیگر کئی لیڈر بھی موجود تھے۔

ہماری ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

....(PM)....Byte........

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک معروف گلوکار اور موسیقار منیر احمد میر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

Opening Music

........Byte........

Closing Music

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

-----Gong-----

CBSE

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے امتحان سے متعلق ذہنی تناؤ کو دور کرنے کی غرض سے سوشل کاؤنسلنگ سپورٹ کا آغاز کیا ہے۔10ویں اور12ویں کلاس کا امتحان دینے Psychoآج سے سوشل کاؤنسلنگ خدمات کا پہلا مرحلہ، اس سال پہلی جون تک جا Psychoوالے طلباءکےلئے مفت ری رہے گا۔

طلباءاس سہولت سے استفادہ کرنے کےلئے ٹول فری نمبر1800118004پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

درخشاں اندرابی

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج ماڈل وقف سکول چرار شریف میں نئی تعمیر کی گئی پہلی منزل اور امتحانی ہال کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر انہوننے چرار شریف میں پچھلے تین برسوں کے دوران وقف بورد کی طرف سے مکمل کئے گئے کاموں کا خاکہ پیش کیا۔ انہوننے کہا کہ حضرت شیخ نور الدین نورانیؒ کی زیارت گاہ کو یہاں کے روحانی منظر نامے میں ایک کلیدی اہمیت حاصل ہے۔

انہوںنے کہا کہ بورڈ پورے جموںو کشمیر کی زیارت گاہوں پر بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے کی وعدہ بند ہے۔

NC

نیشنل کانفرنس خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس کی صدارت میں آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر خواتین کارکنوں کا ایک اجلاس منعقد ہوا جس دوران پارٹی سرگرمیوں اور خواتین کو درپیش مسائل کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔

شمیمہ فردوس نے اس موقعے پر کہا کہ ان کی حکومت خواتین کو با اختیار بنانے کےلئے وعدہ بند ہے۔ اور ان کے روزگارکے ساتھ ساتھ دیگر شعبوں میں بھی مواقعے پیدا کئے جا رہے ہیں۔

رمن بھلہ

پردیش کانگریس کمیٹی کے کار گذار صدر رمن بھلہ نے آج جموں ضلعے کے آر ایس پورہ اور حلقہ انتخاب جموں ساوتھ کے کئی علاقوں کا دورہ کرکے وہاں لوگوں کو درپیش مشکلات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بے روزگار نوجوانوں کی حالت زار پر تشویش کا اظہار کر تے ہوئے مختلف محکموں میں بھرتی عمل شروع کرنے کی مانگ کی۔

ست شرما

بی جے پی جموںو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما اور پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے ایک میٹنگ کے دوران جموں میں پونچھ ضلعے کی تنظیمی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران ضلعے میں بی جے پی کی سرگرمیوں پر تفصیل سے غور خو ض کیا گیا۔

میٹنگ میں بی جے پی جموں کشمیر کی نائب صدر ڈاکٹر شہناز گنائی اور بی جے پی جنرل سیکریٹری گوپال مہاجن بھی موجود تھے۔ ست شرما نے اس موقعے پر کہا کہ ان کی پارٹی سرحدی علاقوں میں لوگوں کی ترقی کےلئے پُر عزم ہے۔

BJP

بی جے پی جموںوکشمیر میں بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ مشن کی کنوینر رتیکا ترہن نے پارٹی کے پردیش صدر ست شرما اور جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول کے ساتھ صلاح مشورے

کے بعد جموں صوبے کے سبھی اضلاع کےلئے مذکورہ سکیم کے عمل آوری موثر بنانے کےلئے ٹیمیں تشکیل دی ہیں۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کی طرف سے آج سرینگر سے یوٹی سطح کی ایک ممبر شپ مہم کا آغاز کیا گیا۔ جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے اس موقعے پر لوگوں پر زور دیا کہ وہ عوامی مفادات کی پاسداری کی خاطر ان کی پارٹی میں شامل ہو جائیں۔

انہوننے مزید کہا کہ پارٹی جمونو کشمیر کو امن، ترقی اور خوشحالی کی ایک نئے راستے پر گامزن کرانے کےلئے کام کر تی رہے گی۔

Winter

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

ڈاکٹر

کے بے جا استعمال سے خبر دار کر تے ہوئے Antibiotics ملک کے معروف طبی ماہرین نے پیدا ہو تی ہے۔ اس مہینے کے Antimicrobial Resistance کہا ہے کہ ایسا کرنے سے انسان میں من کی بات پروگرام کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ڈاکٹروں کا استعمال کرے۔Antibiotics کی صلاح کے بعد ہی

شعبے کے سربراہ Microbiologyآکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کر تے ہوئے ایمز نئی دلی میں ڈاکٹر بِمل کمار داس نے کہا کہ اکثر بیکٹریا کے خلاف اب عام طور سے استعمال ہونے کار آمدثابت نہیں ہو رہے ہیں۔Antibioticsوالے

پروگرام اطلاع

کے موضوع پر آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کر دہ ایک خصوصی پروگرام آج Pragati@50 رات ساڑھے8بجے نشر ہو گا۔ اقتصادی معاملات کے معروف ماہر ڈاکٹر اعجاز ایوب پروگرام کے مہمان ہونگے۔ ان کے ساتھ ہمکلام ہونگے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

گاندربل

گاندر بل کے ایس ایس پی خلیل احمد پوسوال نے آج ضلعے میں یوم جمہوریہ کی تقریبات احسن طریقے پر منعقد کرانے کے سلسلے میں کئے جارہے اقدامات کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا۔ انہوننے حفاظتی ایجنسیوں پر زور دیا کہ وہ سماج دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔

جموں پولیس

پولیس نے بنسا موڈ ٹکری ادھمپور میں دھنوری ادھمپور کے رہنے والے محمد عارف نا می ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اُس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

پولیس نے ٹکری میں ہی لسجن سرینگر سے تعلق رکھنے والے بلال احمد میر نامی ڈرگ سمگلر کو جموں جا رہی ایک گاڑی سے گرفتار کیا ہے۔ اُس کے قبضے سے بھی کچھ نشیلی اشیا ءبر آمد کی گئی ہے۔

پولیس سٹیشن باہو فورٹ نے اپنے گھروں میں بغیر لازمی پولیس ویری فیکیشن کے کرایہ دار رکھنے کی پاداش میں2مکان مالکان کے خلاف کیس درج کئے ہیں۔

جمونپولیس نے تمام مکان مالکان سے اپیل کی ہے کہ وہ کرایہ داروں کی ویری فکیشن سے متعلق جا ری کئے گئے رہنما خطوط پر سختی سے عمل کریناور پولیس کو اپنا بھر پور تعاون دیں۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جمونو کشمیر نے پٹوار حلقہ لڈّا تحصیل مونگری ادھمپور کے پٹواری پردھان سنگھ کو5ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت10 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت15 اعشاریہ4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر35منٹ اور

غروب آفتاب شام5 بجکر38منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

.....................................

.................

.........

...